# (۲)

**نام کتاب** : ورلڈ آرڈرز اور پاکستان

**مصنف** : عبدالرشید ارشد

**ضخامت** : 190 صفحات ۔ قیمت: 75 روپے

**ملنے کا پتہ** : ☆ النور ٹرسٹ رجسٹرڈ' جوہر پریس بلڈنگ' جوہر آباد

☆ صدیقی ٹرسٹ' صدیقی ہاؤس' المنظر اپارٹمنٹس 458 گارڈن ایسٹ لسبیلہ چوک کراچی

عبدالرشید ارشد دینی حلقوں کی معروف شخصیت ہیں۔ آپ درجنوں کتابوں کے مصنف ہیں۔ قومی اور عالمی مسائل پر گہری نظر رکھتے ہیں۔ آپ کی کتابیں تحقیق و تدقیق کا مستند مرقع ہیں۔ عالمی حالات پر آپ کے تجزیے چشم کشا ہیں۔ ان کی تحریروں سے اُمت مسلمہ کے عوام اور حکمران دونوں سبق سیکھ کر راہِ صواب اختیار کر سکتے ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب مصنف کی گہری تحقیق کا نتیجہ ہے جس میں انہوں نے یہودیوں کی سازشوں کا تذکرہ کیا ہے کہ کس طرح مسلمانوں کا خوف ان کے ذہنوں پر مسلط ہے اور کس منصوبہ بندی کے تحت وہ ہمہ وقت مسلمانوں کو مذہب سے دُور کر کے کمزور سے کمزور تر بنانے میں مصروف ہیں۔ جب نمرود کو غلبہ حاصل ہوا تو وہ کہہ اٹھا ''میں جسے چاہوں زندگی دوں اور جسے چاہوں موت دوں''۔ آج امریکہ کو بے مثال مادی طاقت ملی ہے تو وہ اخلاق و قانون سے بالا ہو کر کہہ رہا ہے ''امریکہ اپنے مفادات کے تحفظ کی خاطر دنیا کے کسی بھی ملک پر پیشگی حملہ کر سکتا ہے''۔ یہودی اپنے سازشی ذہن کی طویل منصوبہ بندی کے نتیجہ میں اقوامِ عالم پر معاشی تسلط قائم کرنے میں کامیاب ہو چکے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ ''غیر یہود بھیڑوں کا گلہ ہیں اور ہم ان کے لیے بھیڑیے ہیں۔ اور کیا آپ جانتے ہیں کہ اس وقت کیا ہوتا ہے جب بھیڑیے بھیڑوں کو گھیر کر اُن پر حاوی ہو جاتے ہیں؟''

گویا غیر مسلم دنیا آج اس بات پر متفق ہو چکی ہے کہ مسلمانوں کو ختم کر دیا جائے' اور یہ اسی وقت ہو سکتا ہے جب اُن کی قرآن اور اسلام کے ساتھ وابستگی برائے نام رہ جائے۔ آج ہر شخص دیکھ سکتا ہے کہ مسلمان بحیثیت قوم اپنی تہذیب سے بیگانہ ہو چکے ہیں۔ مسلمان

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com